17/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ سماج کی تیز تر ترقی اس کے نوجوانوں کی قوت اور صلاحیتوں پر منحصر ہے۔

سانبہ میں نوجوانوں کی ترقی سے متعلق گائڈنس اینڈ کاونسلنگ سیل کی سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ جموں کشمیر کے نوجوانوں کو با ہمت اور مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ گجر ،بکروال جیسے سماج کے پسماندہ طبقوں کے معیار حیات میں بہتری لانا ان کی سرکار کی ذمہ داری ہے ۔ جموں میں گجر دیش خیراتی ٹرسٹ کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابینہ میں وزراءکی نشستیں محدود ہونے کے با وجود ،انہوں نے اس طبقے سے تعلق رکھنے والے جاوید احمد رانا کو بحیثیت وزیر شامل کیا ۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس ٹرسٹ کو چاہئے کہ وہ قبائلی یونیورسٹی کے قیا م کے بارے میں ایک پروجیکٹ تیار کریں جس کے بعد سرکار بھی اس منصوبے پر غور کرے گی ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ سرکار ان علاقوں میں مفت ٹینکر سروس فراہم کرے گی جہاں پینے کے پانی کی عدم دستیابی کامسئلہ در پیش ہے ۔

سول سیکریٹریٹ جموں میں محکمہ جل شکتی کی کارگزاری کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جل جیون مشن کے تحت سبھی علاقوں کا احاطہ جلد ممکن بنایا جائے گا ، البتہ جہاں جہاں ابھی اس محاذ پر مسائل در پیش ہیں وہاں ٹینکر کے ذریعے پانی پہنچایا جائے گا ۔

ایک پیڑ ماں کے نام

ملک کے دیگر حصوں کی طرح ہی جموں کشمیر میں بھی " ایک پیڑ ماں کے نام" مہم کے تحت شجر کاری کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ آب و ہوا کی تبدیلی اور عالمی حدت جیسے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے جنگل بانی نہایت ہی ضروری ہے ۔

ان باتوں کا اظہار چیف کنزرویٹر آف فاریسٹس کشمیر عرفان رسول نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کیا ۔

عبدالحمید بٹ جیسے کارکن بھی سماجی سطح پر ماحولیاتی منظر نامے کو فروغ دینے کےلئے اپنے اپنے انداز میں اختراعی کام کر رہے ہیں۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

جتیندرا سنگھ

اترا کھنڈ کے پریاگ راج میں میلہ مہا کمبھ خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے ۔ وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکتڈاکٹر جتیندرا سنگھ نے تروینی سنگم میں ڈبکی لگا کر عالم انسانیت کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

عالمی دن

آج سیاحت کی پائیداری سے متعلق عالمی دن ہے ۔ یہ دن ہر سال 17 فروری کو سیاحتی صنعت کو مزید استحکام بخشنے کے لئے منایا جاتا ہے تاکہ اس شعبے کو اقتصادی ترقی ، ثقافتی تبادلے اور پائیدار ماحولیاتی اہداف کے حصول کا ایک ذریعہ بنایا جا سکے ۔

KPDCL

کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے جنوبی کشمیر کے پلوامہ اور شوپیان ضلعوں میں بجلی کے منظر نامے کا جائزہ لیا ۔

سوریہ گھر جیسی PM // انہوں نے خاص طور پر مرمت شدہ بجلی ٹرانسفارمروں کے بفر سٹاک مرکزی سکیموں پر عمل آوری // اور برقی رو کی معقول سپلائی یقینی بنانے کے لئے دیگر ضروری امور کا خاص طور پر جائزہ لیا ۔

شوپیاں

گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیاں میں منشیات کی لعنت کے مضر اثرات اور فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق جانکاری اور تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر شوپیاں ششیر گپتا نے نئے قوانین سے متعلق جانکاری عام کرنے اور منشیات کی لعنت پر قابو پانے کے لئے تمام متعلقین کا رول اجاگر کیا۔

اننت ناگ

محکمہ پشو پالن کے ڈائریکٹر کشمیر ڈاکٹر پروِندر سنگھ سودن نے اننت ناگ ضلع کا دورہ کر کے وہاں ہالسٹک اینمل ڈیولپمنٹ پروگرام پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ضلع میں کام کرنے والے محکمے کے افسروں اور عملے کی سراہنا کی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2اعشاریہ1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ